نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

## پریس ریلیز

### محکمہ زراعت پنجاب نے اگیتی کپاس کی کاشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

**لاہور:11مارچ2025:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کی اگیتی کاشت کے لیے فیصل آباد، سرگودھا، ساہیوال، ملتان، ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور ڈویژن کے اضلاع زیادہ موزوں ہیں۔ اگیتی کاشت کے لیے ٹرپل جین اقسام سی کے سی 01-، سی کے سی-03اور حتف 3کاشت کریں۔ کاشتکار ٹرپل جین اقسام کا بیج صرف مستند ڈیلرز سے خریدیں۔ کپاس کی اگیتی کاشت کے لیے قطاروں کا باہمی فاصلہ 2.5 فٹ اور پودوں کا باہمی فاصلہ 1.5 تا2فٹ رکھیں اور 75 فیصد سے زیادہ اگاؤ والا4 تا5 کلو گرام یا60 فیصد اگاؤ والا5 تا6 کلو گرام برا تراہوا بیج فی ایکڑ استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ اگیتی کپاس سے زیادہ پیداوار کے حصول کے لئے کمزور زمین میں دو بوری ڈی اے پی + سوا چار بوری یوریا+ ڈیڑھ بوری ایس او پی فی ایکڑ جبکہ درمیانی زمین میں پونے دو بوری ڈی اے پی + پونے چار بوری یوریا+ ڈیڑھ بوری ایس او پی فی ایکڑ اور زرخیز زمین میں ڈیڑھ بوری ڈی اے پی + سوا تین بوری یوریا+ ڈیڑھ بوری ایس او پی استعمال کریں۔ کاشتکار فاسفورس اور پوٹاش والی کھادوں کی تمام مقدار اور نائٹروجنی کھاد کا 1 /4 حصہ بوقت تیاری زمین ڈالیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ اگیتی کاشت سے قریباً50 سے60 من فی ایکڑ پیداوار حاصل ہوتی ہے لہٰذا کاشتکار کینولہ، آلو، مٹر اور کماد کی برداشت کے بعد خالی ہونے والے رقبوں پر ترجیحاً کپاس کی اگیتی کاشت کر کے بھرپور منافع کمائیں۔

☆☆☆☆☆